Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۲ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۵ شوال المکرم ۱۳۵۵ھ مطابق ۹ جنوری ۱۹۳۷ء جلد ۲۳

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

۱	منظوری رخصت میجر ایس. جے. کرلی بریگیڈ میجر	۲	۳	منظوری رخصت میجر ایس. بے. کرلی بریگیڈ میجر	۲
۲	رخصت سکینڈ لفٹنٹ صاحبزادہ اکرام رضا خاں [illegible]	//	۴	// // // // // // //	//

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور

۱	منظوری بابت لازمی عوام کے راستوں پر آمد و رفت میں آسائش کی نسبت"	۳ ۴			

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم :- واقع ۴ جنوری ۱۹۳۷ء

گزینہ عرضداشت عالی مرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر باستدعائے صدور حکم منظوری رخصت اتفاقیہ چند یوم مطلوبہ میجر اے۔ بی گرٹس بریگیڈ میجر از ۴ لغایت ۹ جنوری ۱۹۳۷ء

حسب الحکم بموجب رپورٹ میجر اے۔ بی گرٹس بریگیڈ میجر کی رخصت اتفاقیہ ۴ لغایت ۹ جنوری ۱۹۳۷ء منظور ہے۔ سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم :- واقع ۵ جنوری ۱۹۳۷ء

گزینہ عرضداشت صاحب ملٹری سکریٹری بہادر مع درخواست رخصت بیس یوم سکنڈ لفٹننٹ صاحبزادہ اکرام رضا خاں بہادر اے ڈی سی بغرض روانگی برائے اصلاحات بابت وصولیابی سبب ... وابستہ عہدہ۔

حسب الحکم بجائے بیس یوم کی رخصت مطلوبہ سکنڈ لفٹننٹ صاحبزادہ اکرام رضا خاں بہادر اے ڈی سی کی پندرہ ۱۵ یوم کی رخصت عائد یوم استفادہ سے منظور کی جاتی ہے۔ سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم :- واقع ۵ جنوری ۱۹۳۷ء

گزینہ عرضداشت عالی مرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر باستدعائے صدور حکم منسوخی رخصت اتفاقیہ میجر اے۔ بی گرٹس بریگیڈ میجر (منظور شدہ از ۴ لغایت ۹ جنوری ۱۹۳۷ء بحکم ۴ جنوری ۱۹۳۷ء) بوجہ عدم استفادہ۔

حسب الحکم بموجب رپورٹ میجر اے۔ بی گرٹس بریگیڈ میجر کی رخصت چند یوم منظور شدہ ۴ جنوری ۱۹۳۷ء منسوخ سمجھا جانا منظور ہے۔ سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم :- واقع ۵ جنوری ۱۹۳۷ء

کاغذات مسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ بریگیڈ میجر صاحب کی رخصت چار ماہ ولایت جانے کے لئے یکم مئی ۱۹۳۷ء سے بحکم ... اگست ۱۹۳۶ء کو منظور ہو چکی ہے۔ وہ امسال رخصت پر جانا نہیں چاہتے۔ لہذا حسب استدعائے عالی مرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر رخصت مذکورہ منسوخ کی جاتی ہے۔ سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور

آرڈران اسٹیٹ کونسل

مورخہ ۹ جنوری ۱۹۳۲ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۲۴ دسمبر ۱۹۳۱ء میں

"عوام کے راستوں پر آمد و رفت میں آسائش کی نسبت

مرتبہ میونسپل بورڈ پیش ہو کر واضح ہو کہ بائی لاز مذکور ماہ دسمبر کے گزٹ میں شائع ہو چکے ہیں۔ اس سلسلہ میں موصولہ عذرداریوں کی سماعت کے بعد میونسپل بورڈ نے بائی لاز مذکور بغرض ترمیم برائے منظوری گورنمنٹ ارسال کئے ہیں

لہذا طے پایا کہ:

بائی لاز معہ مسلکہ کاغذات کی منظوری دیجاتی ہے

حکم ہوا کہ

آرڈر ہذا معہ کاغذات متعلقہ برائے اجرائے احکام حسب ضابطہ بشعبہ متعلقہ ارسال ہو ایک نقل درج گزٹ ہو۔ دستخط عالی مرتبت نواب صاحب چیف منسٹر

دستخط صاحب سکرٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

عوام کے راستوں پر آمد و رفت میں آسائش کی نسبت بائی لاز

۱۔ لازم ہے کہ کوئی شخص کسی ایسی دوکان پر جو کسی عام گذرگاہ پر واقع ہو کوئی سائبان یا پردہ دوکان کی دیوار سے گذرگاہ کی طرف یا سڑک کی جانب ایک فٹ سے زیادہ فاصلہ تک طویل نہ بنائے نہ ڈالے اور نہ استعمال کرے۔

سزا

ان اختیارات کے بموجب جو ایکٹ کی دفعہ ... ضمن ... کی رو سے حاصل ہیں بورڈ اس تجویز کی نسبت حکم دیتا ہے کہ اس بائی لاز کی خلاف ورزی کی صورت میں جرمانہ کی سزا دی جائے گی۔

جس کی مقدار اوّل مرتبہ دس روپیہ تک ہو سکتی ہے۔ اور اگر خلاف ورزی جاری رہے یعنی دوسری مرتبہ واقع ہو تو مزید جرمانہ کیا جائے گا جس کی تعداد پہلی مرتبہ جرم ثابت ہونے کی تاریخ کے بعد ہر ایک دن کی بابت جس میں مجرم کی نسبت ثابت ہو کہ اس نے جرم کرنا جاری رکھا، دو روپیہ تک ہو سکتی ہے۔

(۲) لازم ہے کہ کوئی گاڑی سوائے لوگوں کے اتارنے یا چڑھانے یا سامان کے لادنے یا اتارنے کی غرض سے ان راستوں پر نہ روکی جائے جن کا تذکرہ ذیل میں کیا جاتا ہے۔ ایسی حالت پر سواریاں روکنے والے اشخاص کا فرض ہوگا کہ ان گاڑیوں کو فوراً قریب ترین اڈے پر لے جائے۔ جو اس کام کے واسطے بنایا گیا ہو اور جہاں ایسے اڈے نہ ہوں تو گاڑی راستہ مذکور سے ہٹائی جائے

تشریح:۔ اس بائی لاز میں لفظ گاڑی سے ایسی ہر قسم کی سواری مراد ہے جو کسی گذرگاہ پر استعمال کئے جانے کے قابل ہو۔ اور اس میں بائیسکل یا ٹرائیسکل داخل نہیں ہے۔"

تفصیل راستہ ہائے

۱۔ بازار صدر ... تک

۲۔ بازار مسند ... گنج

۳۔ تحصیل سے ... تک

۴۔ اسپتال ... سے ... کے چوراستہ تک

۵۔ تحصیل سے ... گنج تک

۶۔ جیل روڈ پر ... صاحب کے موجودہ مکان سے ... صاحب کے مکان تک

۷۔ چوکی روڈ سے موجودہ ... واقع محلہ ... تک۔

(۳) لازم ہے کہ کوئی سائیکل حدود میونسپلٹی کے اندر بغیر گھنٹی یا
دن یا شام کے بجے بغیر بتی کے نہ چلائی جائے اور اس پر ایک وقت میں
ایک سے زیادہ آدمی سوار نہ ہوں اور نہ کوئی شخص کسی
ایسی گلی یا کوچہ میں سائیکل پر سوار ہو جس کی چوڑائی
چھ فٹ سے کم ہو نیز یکہ میں بشمول کوچوان چار اور بگھی
میں بشمول کوچوان پانچ سے زیادہ سواریاں کوئی یکہ و بگھی
ہانکنے والا نہ بٹھلائے

تشریح۔ دو بچے دس سال تک کی عمر کے جہاں تک
یکہ اور تانگہ کی سواریوں کا تعلق ہے ایک آدمی
کی عمر کے برابر سمجھے جائینگے۔

سزا

(۱) ان اختیارات کے بموجب جو کہ ایکٹ کی دفعہ ۲۵۹ ضمن
کے بموجب ملے ہیں بورڈ اس تجویز کی رو سے حکم دیتا ہے
کہ بائی لاز ۱ ۲ ۳ کے احکام میں سے کسی حکم کی خلاف ورزی
کی صورت میں جرمانہ کی سزا دیجائے گی جس کی تعداد
۲۵ روپیہ تک ہو سکتی ہے۔

دستخط ایگزیکٹیو افیسر صاحب میونسپل بورڈ